© rasailojaraid.com



# تبصرے

**ہمارے بینک** از جناب محمد احمد صاحب سبزواری ایم۔اے۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۵۸ صفحات، کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد عہ ۲ آ ار غیر مجلد عہ ۲ آ ار پتہ:- انجمن ترقی اردو (ہند) نمبر ۱ دریا گنج دہلی۔

فنِ معاشیات میں جو چند چیزیں بڑی پیچیدہ اور غور طلب ہیں ان میں سے ایک بینک کا مسئلہ بھی ہے۔ اچھے اچھے تعلیم یافتہ لوگ جنھوں نے اقتصادیات کا مطالعہ بحیثیت فن کے نہیں کیا ہے ان کے لئے اس کا سمجھنا اور بھی دشوار ہوتا ہے۔ حالانکہ ہماری روزمرہ کی زندگی سے اب اس کا جتنا قریبی تعلق ہوگیا ہے ظاہر ہے۔ اس بنا پر انجمن ترقی اردو نے اردو میں اس اہم موضوع پر ایک ایسی عمدہ کتاب شائع کرکے ہمارے ملکی اور قومی ادبیات میں ایک قابلِ قدر اضافہ کیا ہے اس کتاب میں بینک کی تعریف، ان کے مختلف کام، ان کی ابتدا اور ترقی کی تاریخ، ہندوستان کے مشہور بینکوں کے نام اور ان کے حالات، مرکزی بینک کا مفہوم اور اس کی ہندوستان میں ضرورت وغیرہ مسائل پر سلیس اور عام فہم زبان میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل مباحث کتاب کے علاوہ ضمیموں میں رزرو بینک اور امپیریل بینک وغیرہ کے گوشواروں کا جو ذکر آگیا ہے وہ خود ایک مستقل افادی حیثیت رکھتا ہے۔ چوتھے اور پانچویں ضمیمہ میں انگریزی اصطلاحات کے اردو تراجم اور امدادی کتابوں کا تذکرہ ہے جو اقتصادیات کے طالب علم کے لئے بڑے کام کی چیز ہے کتاب پُراز معلومات اور مفید ہے اور اس لائق ہے کہ اسے غور سے پڑھا جائے۔

**مقالات جمال الدین افغانی** از سید مبارز الدین صاحب رفعت ایم۔اے۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۶۷ صفحات۔ طباعت وکتابت بہتر قیمت قسم اول ہے۔ قسم دوم عہ ۸ پتہ دارالاشاعت سیاسیہ حیدرآباد دکن

© rasailojaraid.com